12

# گینڈا

گینڈا ایک عجیب وغریب جانور ہے۔ یہ ہزاروں سال پہلے سے دنیا میں موجود ہے۔ گینڈے کی شکل انوکھی ہوتی ہے۔ لمبا سا، بے تُکا چہرہ، دو چھوٹی چھوٹی آنکھیں۔ ناک کے اوپر ایک سینگ۔ یہ سینگ ٹوٹ جانے پر دوبارہ نکل آتا ہے۔ ناک کی سیدھ میں نکلا ہوا سینگ اس کا خوف ناک ہتھیار ہے۔ ڈھال جیسی دو انچ موٹی کھال، کندھوں اور رانوں پر مڑی ہوئی اور اس پر موٹی موٹی گانٹھیں۔ اسے دیکھ کر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ٹینک چلا آرہا ہے۔ گینڈے کی بے پناہ طاقت اور ٹکّر سے ہاتھی جیسا طاقت ور جانور بھی گھبراتا ہے۔ شیر اور چیتے تک گینڈے سے کترا کر نکل جاتے ہیں۔

گینڈا گندا اور سُست جانور ہے۔ گندگی میں رہتا ہے۔ کیچڑ اور مٹّی میں اس طرح لوٹتا ہے جیسے بہت اچھا کام کر رہا ہو۔ اپنے اس کام میں وہ بہت مگن دکھائی دیتا ہے۔ گینڈے میں دوسرے جانوروں کے مقابلے میں سننے کی قوّت کم ہوتی ہے۔ البتّہ اس میں سونگھنے کی صلاحیت بے حد تیز ہوتی ہے۔ اس کا جسم تو بہت بڑا ہوتا ہے لیکن آنکھیں بے حد چھوٹی ہوتی ہیں۔ اس لیے وہ دور کی چیزوں کو مشکل سے دیکھ پاتا ہے۔



گینڈے کا سب سے بڑا کام ہے کھانا۔ وہ ہر وقت چرتا ہی رہتا ہے۔ جہاں سے گزرتا ہے ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے کسی نے وہاں گھاس کاٹنے والی مشین پھیر دی ہو۔ گینڈا اپنی نسل کے ساتھ رہنا

© NCERT not to be republished

پسند کرتا ہے۔ بگلا اس کا خاص دوست ہے۔ وہ گینڈے کی پیٹھ پر بیٹھا رہتا ہے۔ گینڈے کی مڑی ہوئی کھال میں کیڑے چھپے ہوتے ہیں۔ بگلا ان کیڑوں کو کھاتا رہتا ہے۔ مگر یہی پرندہ اس کی موت کا سبب بھی بن جاتا ہے۔ شکاری اس پرندے کی وجہ سے گینڈے کی موجودگی کا پتا لگالیتے ہیں اور اس طرح انجانے میں گینڈا مارا جاتا ہے۔

گینڈے کا اصل دشمن اس کا اپنا سینگ ہے۔ یہ سینگ عام طور پر چالیس سینٹی میٹر لمبا ہوتا ہے۔ مگر کسی کسی گینڈے کی پیشانی پر ساٹھ سینٹی میٹر تک کا سینگ بھی دیکھا گیا ہے۔ اس کے شکار پر پابندی ہے پھر بھی اس کا شکار کرنے والے سینگ بیچ کر ہزاروں روپے تک کما لیتے ہیں۔ یہ سینگ دوائیں بنانے کے بھی کام آتا ہے۔ گینڈے کی کھال سے بہت سی چیزیں بنائی جاتی ہیں۔

ہندوستان میں گینڈا سب سے زیادہ آسام میں کازی رنگا کے مقام پر پایا جاتا ہے۔ یہاں حکومت نے گینڈوں کی حفاظت کے لیے خاص انتظام کیا ہے۔ انھیں دیکھنے کے لیے سیّاح دور دور سے آتے ہیں۔





# مشق

## I پڑھیے اور سمجھیے:

| | | |
|---|---|---|
| خوف ناک | : | ڈراؤنا، بھیانک |
| بے پناہ | : | بہت زیادہ، انتہائی |
| کترانا | : | بچ کر نکلنا |
| بے حد | : | بہت زیادہ |
| سُست | : | کاہل، آلسی |
| صلاحیت | : | قوت، طاقت |
| نسل | : | ذات، پیڑھی |
| پرندہ | : | پنچھی |
| موجودگی | : | پایا جانا |
| پیشانی | : | ماتھا |
| پابندی | : | روک |
| حفاظت | : | دیکھ ریکھ |
| سبب | : | وجہ |
| سیّاح | : | ملکوں ملکوں کی سیر کرنے والا |

## II سوچیے اور بتایئے:

1۔ گینڈے کی شکل کیسی ہوتی ہے؟

2۔ گینڈے کا ہتھیار کیا ہوتا ہے؟

© NCERT not to be republished

3۔ گینڈا اپنے کس کام سے بہت خوش ہوتا ہے؟

4۔ گینڈے کی کون سی قوّت سب سے کم ہوتی ہے اور کون سی سب سے زیادہ؟

5۔ بگلا گینڈے کا دوست کیوں ہے؟

6۔ گینڈے کے سینگ کو اس کا دشمن کیوں کہا گیا ہے؟

7۔ ہندوستان میں گینڈا سب سے زیادہ کہاں پایا جاتا ہے؟

## III خالی جگہیں بھریے:

1۔ اسے دیکھ کر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ..............................۔

2۔ جہاں سے گزرتا ہے ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے..............................۔

3۔ ڈھال جیسی..................................۔

4۔ ہاتھی جیسا..................................۔

## IV اس سبق میں بہت سے جمع الفاظ آئے ہیں۔ ان میں سے پانچ الفاظ تلاش کرکے لکھیے:

## V ’’گینڈے کی شکل انوکھی ہوتی ہے۔ لمبا سا، بے تکا چہرہ، دو چھوٹی چھوٹی آنکھیں۔‘‘

اوپر لکھی ہوئی عبارت میں سے اسم اور صفت تلاش کرکے لکھیے۔

## VI بلند آواز سے پڑھیے اور خوش خط لکھیے:

| خوف ناک | طاقت ور | انتظام | البتّہ | صلاحیت | قوّت |
|---|---|---|---|---|---|
| ........... | ........... | ........... | ........... | ........... | ........... |
| ........... | ........... | ........... | ........... | ........... | ........... |
| ........... | ........... | ........... | ........... | ........... | ........... |
| ........... | ........... | ........... | ........... | ........... | ........... |
| ........... | ........... | ........... | ........... | ........... | ........... |

© NCERT not to be republished